سوال

(89) گھر میں مرد کا خواتین کو جماعت کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جوہر آباد سے طالب حسین پوچھتے ہیں کیا گھر میں کوئی مرد خواتین کی جماعت کرواسکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر مستورات باجماعت نماز ادا کرنے کی خواہش مند ہوں اور ان میں سے کوئی بھی جماعت کرانے کے قابل نہ ہو تو اپنے محارم میں سے کسی کو جماعت کے لئے کہا جاسکتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ایک ذکوان رضی اللہ عنہ نامی غلام ان کی جماعت کراتا تھا۔ (بخاری: باب امامة العبد)

اس حدیث کے پیش نظر افراد خانہ میں سے کوئی شخص عورتوں کی جماعت کراسکتا ہے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:127